**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین:

## *آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے*

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین باؤلا ہونے سے** بچا سکتی ہے۔

باؤلے کتے کا کاٹنا ایک سنگین بیماری ہے جو تقریباً ہمیشہ موت کا باعث بنتی ہے۔

باؤلے کتے کے کاٹے کا وائرس مرکزی اعصابی نظام کو متاثر کرتا ہے۔ علامات وائرس کے سامنے آنے کے دنوں سے لے کر سالوں تک ظاہر ہو سکتی ہیں اور ان میں ڈیلیریم (الجھن)، غیر معمولی رویہ، فریب نظر، ہائیڈروفوبیا (پانی کا خوف)، اور بے خوابی (نیند میں دشواری) شامل ہیں، جو کوما اور موت سے پہلے واقع ہوتے ہیں۔

لوگوں کو باؤلا پن ہو سکتا ہے اگر ان کو کسی متاثرہ جانور کا تھوک یا اعصابی ٹشو چھو جائے، مثال کے طور پر کاٹنے یا خراش کے ذریعے، اور انہیں مناسب طبی دیکھ بھال نہیں ملی ہو، بشمول باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین۔

## 2. باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین

کچھ **لوگوں کو باؤلے پن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، جیسے کہ وہ لوگ جو ممکنہ طور پر متاثرہ جانوروں کے ساتھ کام کرتے ہیں، ان کو** باؤلے پن سے بچاؤ میں مدد کے لیے ویکسین لگوانے کی سفارش کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو باؤلے پن کے وائرس سے متاثر ہونے کا زیادہ خطرہ ہو تو:

- آپ کو باؤلے پن کی ویکسین کی 2 خوراکیں 0 اور 7 دنوں پر ملنی چاہئیں۔
- آپ کے خطرے کی سطح پر منحصر، آپ کو پہلی 2 خوراکوں کے بعد 3 سال کے اندر ایک یا زیادہ خون کے ٹیسٹ کروانے یا بوسٹر خوراک لینے کا مشورہ دیا جا سکتا ہے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید تفصیلات دے سکتا ہے۔

**باؤلے پن کی ویکسین باؤلا پن ہونے سے بچا سکتی ہے اگر کسی شخص کو زد میں آنے کے بعد دی جائے۔** باؤلے پن کی زد میں آنے یا ممکنہ طور پر زد میں آنے کے بعد، زخم کی جگہ کو صابن اور پانی سے اچھی طرح صاف کرنا چاہیے۔ اگر آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا مقامی محکمۂ صحت ویکسینیشن کی تجویز کرتا ہے، تو زد میں آنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو ویکسین لگائی جانی چاہیے لیکن علامات شروع ہونے سے پہلے کسی بھی وقت مؤثر ہو سکتی ہے۔ علامات شروع ہونے کے بعد، باؤلے پن کی ویکسین باؤلے پن کی روک تھام کرنے میں مفید نہیں رہتی۔

- اگر آپ کو ماضی میں باؤلے پن سے بچاؤ کی ویکسین نہیں لگائی گئی، تو آپ کو 2 ہفتوں کے دوران باؤلے پن کی ویکسین کی 4 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے (دن 0، 3، 7 اور 14 کو دی گئی ہو)۔ جس دن آپ کو باؤلے پن کی ویکسین کی پہلی خوراک ملے یا اس کے فوراً بعد آپ کو ریبیز امیونوگلوبلین نامی ایک اور دوا بھی ملنی چاہیے۔
- اگر آپ نے ماضی میں باؤلے پن کی ویکسین لگوائی ہے، تو آپ کو عام طور پر زد میں آنے کے بعد باؤلے پن کی ویکسین کی صرف 2 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **باؤلے پن کی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہے**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**
- ایک **کمزور مدافعتی نظام کے حامل ہیں**
- **کلوروکوئن یا کلوروکوئن سے متعلق کوئی دوا لے رہا ہو یا لینے کا ارادہ رکھتا ہو**
- اس نے ماضی میں **باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین لگوائی ہے** (آپ کے فراہم کنندہ کو یہ جاننے کی ضرورت ہوگی کہ آپ کو ماضی میں باؤلے پن کی ویکسین کی کوئی خوراک کب ملی تھی)

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک معمول کی (زد میں آنے سے قبل) باؤلے پن کی ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ یا آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ باؤلے پن کے خلاف آپ کی قوت مدافعت کی سطح کا تعین کرنے کے لیے باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین دیئے جانے سے پہلے یا بعد میں خون کا ٹیسٹ کروا سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر معمول کی (زد میں آنے سے قبل) ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔ **اگر آپ کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہے، تو آپ کو بیک وقت ہونے والی بیماریوں، حمل، دودھ پلانے، یا کمزور مدافعتی نظام سے قطع نظر ویکسین لگوانی چاہیے۔**

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- انجکشن کی جگہ پر درد، لالی، سوجن، یا خارش، اور سر درد، متلی، پیٹ میں درد، پٹھوں میں درد، یا چکر آنا باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین کے بعد ہو سکتا ہے۔
- چھپاکی، جوڑوں میں درد، یا بخار بعض اوقات بوسٹر ڈوز کے بعد ہوتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** پر دیکھیں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ریبیز ویب سائٹ **www.cdc.gov/rabies** ملاحظہ کریں

Urdu translation provided by Immunize.org